© rasailojaraid.com

"محبوب خدا کی دلربا ادائیں" کے نام سے یہ اس کا پانچواں حصہ ہے سرورق پر کتاب کا تعارف ان الفاظ میں پیش کیا گیا ہے :

"جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا خوشبو کا استعمال، سراپائے معطر سے خوشبو کی مہک وعطر بیزیاں، امت کے لیے دستور العمل، پسینہ مبارک عمدہ ترین خوشبو، گفتگو، انداز بیان اور طرز تقریر، شیرینی گفتار، بشاشت تبسم، سرگیں آنکھیں، خندہ روئی وخوش طبعی، دل لگی، لطائف وظرائف، مزاح نبوت یا علوم ومعارف کا گنجینہ، ذوق شعر وادب، محبوب مصرعے، پسندیدہ اشعار، رات کی قصہ گوئی، حدیث خرافہ، حدیث ام زرعہ، گیارہ خواتین کی دلچسپ توصیف ازواج کی حیرت انگیز داستان، شمائل ترمذی کی (36) احادیث کی عالمانہ، فاضلانہ اور محققانہ تشریح وتوضیح"۔

شمائل کی یہ شرح علماء وطلباء دونوں کیلئے مفید ہے اور اس کا طرز تحریر بھی علمی حلقوں کے فہم واستعداد کا متقاضی ہے، البتہ اس کے مقاصد میں سے عامۃ المسلمین کا افادہ بھی ہے لہذا عوام الناس کے استفادے کیلئے اس میں ترمیمات کی مزید گنجائش ہے، مثلاً عربی اشعار پر اعراب اور عربی عبارات کو درمیان میں لانے کے بجائے سلیس ورواں اردو تحریر کی جائے اور حوالہ جات کو جدید طرز تحقیق کے مطابق حاشیہ میں لکھ دیا جائے۔

کتاب کے ٹائٹل پر گنبد خضرا کی دلکش تصویر ہے، مضبوط جلد بندی کے ساتھ متوسط ورق میں چھپی ہے۔

**چار عظیم صفات،** مؤلف: مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی، ناشر: مکتبہ غفوریہ جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی، صفحات: ۲۹۶، قیمت: درج نہیں۔

چار عظیم صفات کے نام سے موسوم اس کتاب میں امانت کی حفاظت، بات کی سچائی، اخلاق کی خوبی اور لقمے کی پاکیزگی کو چار ابواب قائم کر کے قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کیا گیا، حقیقت میں یہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ایک جامع روایت کی تشریح ہے جس میں ان چار اوصاف کے اپنانے کو دنیا کے ضرر ونقصان سے نجات دہندہ بتایا گیا ہے۔

امانت کی حفاظت کے عنوان سے صفحہ 70 تک باب اول، بات کی سچائی کے عنوان سے صفحہ 111 تک باب دوم، اخلاق کی خوبی کے عنوان سے صفحہ 160 تک باب سوم اور لقمہ کی پاکیزگی کے عنوان سے آخر تک باب چہارم ہے۔

یہ کتاب مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی غفوری کی ایک اصلاحی کوشش ہے، مؤلف موصوف نے بڑی محنت وعرق ریزی سے ان چار خصال حمیدہ کے متعلق آیات واحادیث کو جمع کیا ہے اور اس پر زور دیا ہے کہ ان خصال حمیدہ کو اپنانے میں مسلمانوں کی کامیابی وکامرانی کا راز مضمر ہے، یہ کتاب عوام وخواص سب کیلئے مفید اور نافع ہے، کتاب کی طباعت واشاعت معیاری ہے، کارڈ ٹائٹل کے ساتھ درمیانے ورق پر چھپا ہے۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com